ماہواری میں ذاتی صفائی کا پروگرام

2022 کی ٹرم 2 میں NSW کے پبلک سکولوں میں آ رہا ہے

NSW ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن 2022 کی ٹرم 2 سے NSWکے ہر پبلک سکول میں ماہواری میں ذاتی صفائی کے لیے مدد پیش کر رہا ہے۔ اس پروگرام کا مقصد ایسی رکاوٹیں دور کرنا ہے جو شاید طالبات کے لیے سکول کی زندگی میں پوری طرح شریک ہونے میں آڑے آتی ہیں۔

آپ کو کیا معلوم ہونا ضروری ہے:

- ماہواری میں ذاتی صفائی کا پروگرام طالبات کو صاف میٹریلز جیسے پیڈ اور ٹیمپون فراہم کرتا ہے۔
- اس پروگرام کا مقصد سکول میں باقاعدگی سے بدلی جا سکنے والی صاف مصنوعات فراہم کر کے طالبات کے لیے صحت کے خطرات کم کرنا ہے۔
- جن طالبات کو صاف مصنوعات مہیا ہوں، وہ سکول میں دوسروں کے ساتھ پراعتماد طریقے سے تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھ سکتی ہیں۔
- 2022 کی ٹرم 2 سے ہر سکول طالبات کو پیڈ اور/یا ٹیمپون کی صورت میں مفت ذاتی صفائی کی مصنوعات پیش کرے گا۔
- ذاتی صفائی کی مصنوعات کو صاف ڈسپنسر میں رکھا جائے گا۔ سکول اپنی طالبات کو بتائے گا کہ وہ کہاں بآسانی اور خاموشی سے ان ڈسپنسروں تک پہنچ سکتی ہیں۔
- ذاتی صفائی کی مصنوعات کو 31 سکولوں میں ٹیسٹ کیا گیا تھا اور طالبات اور پرنسپلز نے اس تجربے کے متعلق مثبت رائے دی۔

اگر آپ کا کوئی سوال ہو تو براہ مہربانی سکول سے رابطہ کریں۔